**26.04.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے روزگار میلے میں 51 ہزار سے زیادہ نوجوانوں کو تقرر نامے تقسیم کئے۔ جناب مودی نے کہا کہ نئے بھرتی کئے گئے نوجوانوں پر ملک کی معیشت اور داخلی سیکیورٹی کو مستحکم کرنے نیز جدید بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کی بڑی ذمہ داری ہے۔

☆ اقوا متحدہ سلامتی کونسل نے جموں وکشمیر میں پہلگام دہشت گردانہ حملے کی سختی سے مذمت کی ہے اور ہر قسم کی دہشت گردی کے خلاف لڑنے کیلئے کہا ہے۔

☆ گجرات کے احمدآباد اور سورت میں ایک بڑی کارروائی کے تحت، خاص طور سے بنگلہ دیش کے 550 سے زیادہ غیر قانونی Immigrants کو حراست میں لیا گیا ہے۔

☆ آکاشوانی نے ممبئی میں انڈیا آڈیو سمٹ ایوارڈ 2025 میں مختلف زُمروں میں 6 ایوارڈز حاصل کئے ہیں۔

☆ پوپ فرانسس کی آخری رسوم آج روم میں سینٹ میری کے Basilica میں ادا کی جارہی ہیں۔ دنیا کے لیڈران اور ہزاروں کی تعداد میں ان کے پیروکار بھی اِس میں شرکت کررہے ہیں۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، آج شام کولکاتا ایڈن گارڈنس میں، کولکاتا نائٹ رائڈرس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-ROZGAR MELA**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جب نوجوان قوم کی تعمیر میں حصہ لیتے ہیں، تب ملک تیزی سے ترقی کرتا ہے اور دنیا میں بھی اپنا مقام حاصل کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی سخت محنت اور اختراع کے سبب آج ملک کا نوجوان دنیا کو یہ دکھا رہا ہے کہ اُس کے اندر کتنی صلاحیت ہے۔ وزیراعظم آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ مختلف سرکاری محکموں میں نئے بھرتی کئے گئے نوجوانوں کو 51 ہزار سے زیادہ تقرر نامے تقسیم کرنے کے بعد روزگار میلے میں اظہار خیال کررہے تھے۔ جناب مودی نے

کہا کہ جن نوجوانوں نے آج تقرر نامے حاصل کئے ہیں، اُن پر ملک کی معیشت کو مستحکم کرنے، داخلی سلامتی، جدید بنیادی ڈھانچے کے فروغ اور مزدوروں کی زندگیوں میں تبدیلی لانے کی بڑی ذمہ داری ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ کچھ ہی دنوں میں ورلڈ آڈیو Visual اینڈ انٹرٹینمنٹ سمٹ WAVES 2025 ممبئی میں منعقد ہونے جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا مرکز بھی ملک کے نوجوان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی خواتین افسر شاہی، خلاء اور سائنس کے شعبے میں نئی بلندیوں کو چھو رہی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت دیہی خواتین کو بااختیار بنانے پر بھی خصوصی توجہ مرکوز کررہی ہے۔ 15 واں روزگار میلہ آج ملک بھر کے 47 مقامات پر منعقد کیا گیا۔

**UNSC-TERROR ATTACK**

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے، جموں وکشمیر کے پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کی سختی سے مذمت کی ہے۔ کونسل کے ارکان نے ایک بیان میں زور دے کر کہا ہے کہ دہشت گردی، عالمی امن کیلئے ایک بڑا خطرہ ہے اور یہ خواہ کسی شکل میں ہو، اِس سے لازمی طور پر نمٹا جانا چاہیے۔ کونسل نے کہا ہے کہ حملے کی سازش کرنے والوں، حمایت کرنے والوں اور Sponsors کو سزا دی جانی چاہیئے۔×

**OMAR-J&K MINISTER**

جموں وکشمیر کے وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے حالیہ دنوں میں مبینہ طور پر حراساں کئے جانے اور دھمکی آمیز واقعات کے پیش نظر ملک کے مختلف شہروں میں کابینی وزراء کو تعینات کرنے کی ہدایت دی ہے، تاکہ جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والے اُن طلباء اور کاروباری افراد میں تحفظ کا احساس پیدا کیا جاسکے، جو ملک کے مختلف حصوں میں مقیم ہیں۔ جموں وکشمیر حکومت کے یہ سینئر نمائندے متعلقہ ریاستی حکومتوں کے ساتھ قریبی رابطے میں رہ کر کام کرنے کی ذمہ داری سنبھال رہے ہیں۔ نائب وزیراعلیٰ سریندر کمار چودھری ممبئی پہنچ گئے ہیں، جبکہ وزیر جاوید احمد رانا لکھنؤ اور کابینی وزیر سکینہ Itoo چنڈی گڑھ پہنچ گئی ہیں، جبکہ ستیش شرما دہرادون پہنچ گئے ہیں۔×

**VAISHNO DEVI SECURITY**

جموں وکشمیر میں ویشنو دیوی یاتریوں کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے رِیاسی ضلع کے کٹرا میں ایک منضبط کمان اور کنٹرول مرکز مئی کے پہلے ہفتے میں کام کرنا شروع کر دے گا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ نے کل ایک مشترکہ سکیورٹی جائزہ میٹنگ کی تاکہ یاتریوں کی سکیورٹی اور سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے سکیورٹی کے اقدامات کا جائزہ لیا جاسکے۔ فوج ، انٹلی جنس اور سِول انتظامیہ کے سینئر افسران نے اِس میٹنگ میں شرکت کی۔ میٹنگ میں اِس بات پر زور دیا گیا

کہ انٹلی جنس اطلاعات اور سیکورٹی ایجنسیوں کے درمیان بہتر تال میل بہت اہم ہے۔ **AI** ٹیکنا لوجی سے لیس کمان اور کنٹرول مرکز میں چال ڈھال اور چہرے کو پہچاننے والے سات سو **CCTV** کیمروں، **PTZ** خصوصیات اور دیگر جدید تفتیش کی صلاحیتوں والے آلات سے نگرانی رکھی جائے گی۔**x**

## J&K CEASEFIRE VIOLATIONS

جموں وکشمیر میں گل رات کشمیر خطے میں کنٹرول لائن سے متصل مختلف مقامات پر پاکستان کی طرف سے جنگ بندی خلاف ورزی کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔ بھارتی فورسز نے اس بلا اشتعال خلاف ورزی کا مؤثر جواب دیا۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ بھارتی فوج نے چھوٹے ہتھیاروں سے مؤثر جواب دیا، اُس نے کہا ہے کہ آمنے سامنے کی گولہ باری کچھ دیر تک جاری رہی۔ بھارت کی طرف سے کسی کے ہلاک ہونے کی کوئی خبر نہیں ہے۔

حکام نے بتایا ہے کہ ایسا دیکھا جارہا ہے کہ **LOC** سے متصل علاقے میں امن میں رخنہ ڈالنے کی کوششیں ہورہی ہیں۔ بھارتی فورسز سبھی اگلی چوکیوں سے صورتحال پر قریبی نظر رکھ رہی ہیں۔ اس دوران ذرائع نے بتایا ہے کہ فوج اور دیگر ایجنسیوں سے تعلق رکھنے والی سیکیورٹی فورسز پہلگام دہشت گردانہ حملے کے مختلف پہلوؤں پر بھی کام کررہی ہیں۔ اس میں دہشت گردوں سے متعلق تحقیقات، شناخت اور سیاحوں کی تفصیلات کے ساتھ ساتھ اُن کی تعداد، خچر چلانے والے، ٹورسٹ گائڈس کی تفتیش بھی شامل ہے، تاکہ کسی بے قصور کو، کوئی پریشانی نہ ہوسکے۔

## BERLIN-PAHALGAM

برلن میں بھارتی سفارت خانے نے ، اِس ہفتے کے شروع میں پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے متاثرین کی یاد میں ایک تعزیتی جلسے کا انعقاد کیا۔ گل منعقد کئے گئے اِس تعزیتی جلسے میں جرمنی کی وفاقی حکومت ، سفارتی کور کے ممبران اور جرمنی میں مقیم بھارتی باشندوں سمیت 100 سے زیادہ افراد نے شرکت کی۔ جرمنی میں بھارت کے سفیر اجیت گُپتے نے متاثرین کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور اِس دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت سے متعلق وزیر اعظم نریندر مودی کے بیان کو پڑھ کر سنایا۔ جناب گُپتے نے کہا کہ یہ حملہ کرنے والے جموں و کشمیر کی اُس امن و سلامتی کو ختم کرنا چاہتے ہیں ، جو اُس نے حال کے برسوں میں، خاص طور سے سیاحت کے شعبے میں حاصل کی ہے۔ اِس سے قبل جرمنی کے چانسلر **Olaf Scholz** نے اِس حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کی۔ **x**

## PAK-MINISTER TERRORISM

پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے یہ بات قبول کی ہے کہ ملک، تین دہائیوں سے دہشت گرد گروپوں کی مدد کرتا

رہا ہے۔ جب اُن سے دہشت گرد تنظیموں کو مالی مدد اور حمایت کی پاکستان کی تاریخ کے بارے میں پوچھا گیا، تب برطانوی نیوز چینل کو دیئے گے ایک انٹرویو میں وزیر دفاع آصف نے اس بات کا اعتراف کیا کہ پاکستان مغرب کی شہ پر غلط کام میں ملوث رہا ہے۔ وزیر دفاع آصف نے اسے ایک غلطی قرار دیا اور کہا کہ پاکستان نے اپنے کاموں کی بھاری قیمت ادا کی ہے۔ انہوں نے جموں وکشمیر کے پہلگام میں حالیہ دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں یہ اعتراف کیا ہے، جس سے ماضی میں پاکستان کے علاقائی عدم استحکام میں ملوث ہونے کے بارے میں تشویش میں اضافہ ہوگیا ہے۔x

## GUJRAT-IMMIGRANTS

گجرات کے احمد آباد اور سورت شہروں میں بڑے پیمانے پر کارروائی کے دوران 550 سے زیادہ غیرقانونی امیگرینٹس کو حراست لیا گیا ہے۔ 450 بنگلہ دیشی امیگرینٹس ، جو مبینہ طور پر احمد آباد میں غیرقانونی طور پر رہ رہے تھے، آج صبح پولیس نے حراست میں لے لیا۔ احمد آباد کی کرائم برانچ نے اسپیشل آپریشن گروپ ، اکنامک Offences Wing کے ساتھ مل کر آج صبح شہر کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی طور پر رہ رہے غیر ملکی باشندوں کو حراست میں لینے کیلئے محاصرے کی کارروائی کو انجام دیا۔ احمد آباد کرائم برانچ کے جوائنٹ کمشنر آف پولیس شرد سنگھل نے بتایا کہ 457 دراندازوں کو حراست میں لیا گیا ہے اور اُن سے پوچھ تاچھ جاری ہے۔ اِن سبھی کو اِن کے ملک واپس بھیجا جائے گا۔

اُدھر سورت میں اِسی طرح کی کارروائی کے دوران شہر کی پولیس نے چھ پولیس تھانوں کے علاقوں میں تلاشی کی ایک بڑی کارروائی کے دوران 100 سے زیادہ بنگلہ دیشی باشندوں کو حراست میں لیا۔ بتایا جاتا ہے کہ یہ لوگ برسوں سے شہر میں رہ رہے تھے۔ اِن کے پاس جعلی دستاویزات تھے۔ x

## AKASHWANI AWARDS

آکاشوانی نے، انڈیا آڈیو سَمِٹ اینڈ ایوارڈز 2025 میں، مختلف زمروں کے تحت مجموعی طور پر 6 انعام جیتے ہیں۔ بہترین ریڈیو اور آڈیو پروڈکشن کے تیسرے ایڈیشن کے اِن ایوارڈز کی تقریب کا کل رات ممبئی میں انعقاد ہوا۔

آکاشوانی کو دیے گئے خصوصی اعزاز میں سابق مرکزی وزیر اسمرتی ایرانی کا پروگرام ''نئی سوچ نئی کہانی - ریڈیو جرنی وِتھ اسمرتی ایرانی'' سرِ فہرست رہا، جسے ریڈیو پر سال کی بہترین سیریز قرار دیا گیا ہے۔ خبروں کے شعبے کا ہفتہ وار فون اِن پروگرام پبلک Speak کو صحت اور Fitness زمرے میں بہترین آڈیون اسٹریمنگ پروگرام قرار دیا گیا۔ آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیا پالیوال گوڑ نے پروگرام میں اعزازی مہمان کے طور پر شرکت کی۔ x

**GOVT-UDAN**

حکومت نے کہا ہے کہ سستے علاقائی فضائی سفر سے متعلق اسکیم UDAN سے ایک کروڑ 49 لاکھ سے زیادہ مسافر مستفید ہوچکے ہیں۔ اس اسکیم کا آغاز اکتوبر 2016 میں کیا گیا تھا، تاکہ موجودہ ہوائی پٹیوں اور ہوائی اڈوں کے احیاء کے ذریعہ اُن علاقوں کو کنکٹی وٹی فراہم کی جاسکے، جہاں یہ دستیاب تھیں اور جہاں یہ دستیاب کرائی جاتی ہیں۔ شہری ہوا بازی کی وزارت نے کہا ہے کہ ملک بھر میں 625 اُڑان روٹس کام کررہے ہیں، جس سے 90 ہوائی اڈوں کو جوڑا جارہا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ بھارت کے ہوائی اڈوں کے نیٹ ورک میں اضافہ ہوا ہے اور ان کی تعداد، جو 2014 میں محض 74 تھی، 2024 میں دوگنی ہوکر ایک سو اُنسٹھ ہوگئی ہے۔×

**DELHI-ROBOTIC SURGERY**

دنیا میں سب سے بڑے Adrenal Tumour کو دلّی میں بہت کم چیرا لگاکر روبوٹِک جراحت کے ذریعے نکالا گیا ہے۔ صفدرجنگ اسپتال میں 36 سال کی ایک خاتون کے جسم سے پیچیدہ جراحت کے ذریعے یہ Tumour نکالا گیا ہے۔ صفدرجنگ اسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سندیپ بنسل نے بتایا کہ یہ پوری دنیا میں ابھی تک کا سب سے بڑا Adrenal Tumour ہے، جسے جسم میں بہت کم چیرا لگاکر Robot جراحت کے ذریعے نکالا گیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے گردے کی پیوند کاری اور یورو لوجی کے محکمے کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر پون واسو دیو نے کہا کہ بالکل صحیح جگہ پر چیرا لگانا ایسی جراحتوں کیلئے بہت اہم ہے اور اِن پیچیدہ جراحتوں کو انجام دینے میں Da Vinci روبوٹ کے 3D ویژن اور اِس کی لچکدار روبوٹِک بازوؤں کا اہم کردار ہے۔ انہوں نے بتایا کہ روبوٹ کے ذریعے جراحت کے بہت زیادہ فائدے ہیں۔ اگر یہ جراحت روایتی طریقے سے کی گئی ہوتی تو اِس کیلئے 20 سینٹی میٹر کا چیرا لگانا پڑتا ، جس کو بعد میں مندمل ہونے میں کئی ہفتوں کا وقت درکار ہوتا۔ x

**POPE-FRANCIS FUNERAL**

ویٹیکن سِٹی میں سینٹ پیٹرس اسکوائر میں پوپ فرانسز کی آخری رسومات شروع ہوگئی ہیں، جس میں عالمی لیڈر، معزز شخصیات اور ہزاروں پیروکار شرکت کررہے ہیں۔ عالمی رومن کیتھولک چرچ کے سربراہ کو روم کے سینٹ میری میجر Basilica میں دفن کیا جائے گا۔ ویٹیکن سِٹی میں بھارتی وقت کے مطابق ایک بجکر 30 منٹ پر آخری رسومات کا آغاز ہوا۔ مختلف ممالک کے صدر ، وزرائے اعظم ، معزز شخصیات اور مذہبی لیڈران خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے جمع ہوئے ہیں۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو بھی آخری رسومات میں شرکت کیلئے وہاں پہنچی ہوئی ہیں ، جو بھارت کے عوام اور حکومت کی طرف سے تعزیت پیش کریں گی۔ دیگر اہم شخصیات میں امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ ، فرانس کے سدر Emmanuel Macron ، برازیل کے صدر Luiz Inacio Lula Da Silva اور ارجنٹینا کے صدر Javier Milei شامل ہیں۔ پوپ فرانسس کا پیر کے روز 88

سال کی عمر میں اسٹروک کی وجہ سے انتقال ہوگیا تھا۔ x

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ میں، کولکاتا کے ایڈن گارڈن میں آج شام ساڑھے سات بجے، کولکاتا نائٹ رائڈرس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔ پوائنٹس کی فہرست میں پنجاب فی الحال پانچویں مقام پر ہے، اُس نے 8 میچوں میں سے پانچ میں کامیابی حاصل کی ہے، جبکہ کولکاتا نائٹ رائڈرس ساتویں پوزیشن پر ہے، جس نے 8 میچوں میں سے محض تین میں جیت حاصل کی ہے۔×

**TABLE TENNIS-TUNIS**

ٹیبل ٹینس میں بھارتی کھلاڑی Diya Chitale ٹیونیشیا کی راجدھانی ٹیونس میں WTT Contender ٹورنامنٹ میں آج تین کوارٹر فائنل میچ کھیلیں گی۔ سنگلز کوارٹر فائنل میں اُن کا مقابلہ جرمنی کی Sabine Winter سے ہوگا۔

خواتین کے ڈبلز کوارٹر فائنل میں Diya اپنی ساتھی کھلاڑی Yashaswini Ghorpade کے ساتھ چین کی جوڑی Hu Yi اور Ding Yijie کا مقابلہ کریں گی، جبکہ مکسڈ ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں Diya ، مانُش شاہ کے ساتھ کھیلتے ہوئے ٹیونیشیا کے Wassim Essid اور مصر کے Hana Goda کا مقابلہ کریں گی۔ مردوں کے ڈبلز میں کوارٹر فائنل مقابلے میں دوسرے نمبر کی مانُش شاہ اور Manav ٹھکّر کی جوڑی Wassim Essid اور نیدر لینڈ کے Remi Chambet-Weil کا مقابلہ کرے گی، جبکہ مردوں کے سنگلز زمرے میں بھارت کے اوتار ہَرمیت دیسائی کا مقابلہ پری کوارٹر فائنل میں جاپان کے Hiroto Shinozuka سے ہوگا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆